7841-کیا عورت مسجد کے باہر خیمہ میں ہی امام کی اقتدا کر سکتی ہے ؟

سوال

بعض مساجد میں عورتوں کی ادائیگی نماز کے لیے مسجد کے باہر اضافی جگہ ہوتی کیونکہ عورتیں اپنے ساتھ بچوں کو لاتی ہیں جو نمازیوں کو شور سے تنگ کرتے ہیں اس لیے مسجد کی پارکنگ میں خیمہ لگا لگا دیا جاتا ہے مسجد اور خیمہ کے مابین یا تو سیڑھیاں، یا پھر چھوٹی سے گلی ہوتی ہے اور خیمہ میں لاؤڈ سپیکر لگا دیا جاتا ہے، اس خیمہ میں عورت کی نماز کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

"ضرورت کے بغیر مسجد سے باہر نماز ادا کرنا جائز نہیں، اور یہ ضرورت نہیں ہے، اور عورتوں کو یہ کہا جائے کہ عورتیں اپنے ساتھ شور کرنے والے بچوں کو بالکل نہ لائیں، کیونکہ یہ لوگوں کو تنگ کرتے ہیں یا وہ بغیر کسی ضرورت کے مسجد سے باہر نماز ادا کریں، چنانچہ مسجد کے باہر خیمہ نصب نہ کیا جائے.

واللہ اعلم.